PhD (Education)/E.T/2021

دستخط نگران کار

**Booklet Serial No.**

# مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی

## پی ایچ ڈی (ایجوکیشن) انٹرنس ٹسٹ ۔ 2021

## PhD (Education) Entrance Test - 2021

## Question Paper Booklet کتابچۂ پرچۂ سوالات

وقت : دو گھنٹے

نمبرات : 100

Hall Ticket No.

OMR Serial No.

## اُمیدواروں کے لیے ہدایات

1. اوپر فراہم کی گئی جگہ پر امیدوار اپنا OMR اور ہال ٹکٹ نمبر لکھیں۔اس کے علاوہ کتابچے میں کسی بھی صفحے پر ہال ٹکٹ نمبر، OMR نمبر یا اپنا نام نہ لکھیں۔
2. یہ پرچۂ سوالات کل 16 صفحات پر مشتمل ہے۔آخری کا 1 صفحہ (Rough Work) کے لیے ہے۔اگر اس کتابچے میں صفحات کم ہوں یا اس کی ترتیب میں کوئی غلطی ہو تو جوابات لکھنے سے پہلے ہی نگران کار سے اسے تبدیل کروالیں۔
3. اس کتابچے میں جملہ 100 معروضی سوالات ہیں۔ ہر سوال کے نیچے 4 متبادل (D) (C) (B) (A) جوابات دیے گئے ہیں۔سوال کے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔ پھر OMR جوابی بیاض میں اپنے منتخب کردہ جواب کے دائرے کو صرف Blue / Black Ballpoint Pen سے گہرا کیجیے۔
4. امیدوار کو نمبرات صرف OMR جوابی بیاض میں صحیح جواب دینے پر دیے جائیں گے۔اگر اس کتابچے میں امیدوار نے جواب پر نشان لگایا ہو لیکن OMR میں دائرے کو گہرا نہ کیا ہو تو ایسی صورت میں امیدوار کو کوئی نمبر نہیں ملے گا۔
5. اگر ایک سے زیادہ دائروں کو گہرا کیا گیا ہو تو اُس سوال کے نمبر نہیں ملیں گے۔
6. غلط جواب پر کوئی Negative Marks نہیں ہے۔
7. انٹرنس ٹسٹ کے اختتام پر امیدوار کتابچہ پرچہء سوالات اپنے ساتھ لیجاسکتے ہیں۔

☆☆☆

# حصہ اول (Part A)

## Research Methodology تحقیقی طریقہ کار اور شماریات

1. درج ذیل مصنف اور ان کی کتاب کی صحیح جوڑیاں بنایئے۔

| | |
|---|---|
| (i) اے۔کے۔سنگھ | (الف) Foundations of Behavioural Research |
| (ii) کرلنگر | (ب) Research Methodology : Methods & Techniques |
| (iii) سی۔ار۔کوٹھاری | (ج) Methodology of Education Research |
| (iv) کریسویل اور کریسویل | (د) Research Methods in Psychology, Sociology and Education |
| (v) لوکیش کول | (ہ) Research Design : Qualitative, Quantitative and Mixed Approach |

(A) (i)۔(ہ) ‘ (ii)۔(د) ‘ (iii) ۔ (ج) ‘ (iv)۔(ب) ‘ (v) ۔ (الف)

(B) (i)۔(ب) ‘ (ii)۔(ج) ‘ (iii) ۔ (د) ‘ (iv)۔(ہ) ‘ (v) ۔ (الف)

(C) (i)۔(د) ‘ (ii)۔(الف) ‘ (iii) ۔ (ب) ‘ (iv)۔(ہ) ‘ (v) ۔ (ج)

(D) (i)۔(ہ) ‘ (ii)۔(الف) ‘ (iii) ۔ (ب) ‘ (iv)۔(ج) ‘ (v) ۔ (د)

2. ہم رشتگی کا تجزیہ کرنے میں مرکوزیت ہوتی ہے۔

(A) تغیرات کے درمیان تعلق
(B) تغیرات کے درمیان فرق
(C) تغیرات کے درمیان تنوع
(D) تغیرات کے درمیان رجعت

3. درج ذیل میں سے کون سا آلات کی پیائش کی سطح ہے؟

(A) Normal
(B) Nominal
(C) General
(D) Technical

4. ذہانتی آزمائش درج ذیل میں سے کس طرح کے نہیں ہو سکتے ؟

(A) Ordinal
(B) Verbal
(C) Non-Verbal
(D) Performance

5. ایک محقق طلبا کی حصولیابی کی آزمائش کے اعتماد وقفے (Confidence Interval) 05. معنویت کی سطح 60 اور 90 دریافت کرتا ہے۔
اس کا مطلب یہ ہے کہ:

(A) نمونے کے اوسط کا ان حدود کے درمیان ہونے کا امکان 90% ہے
(B) نمونے کے اوسط کا ان حدود کے درمیان واقع ہونے کا امکان 60% ہے۔
(C) اگر 100 نمونے لیے جائیں تو ان میں سے 5 نمونوں کا اوسط ان حدود کے درمیان واقع ہوگا
(D) اگر 100 نمونے لیے جائیں تو ان میں سے 95 نمونوں کا اوسط ان حدود کے درمیان واقع ہوگا

6. سروے تحقیق میں کون سی قسم کے سوالات نہیں ہوتے ہیں؟

(A) طرز زندگی سے متعلق (B) عادات واطوار سے متعلق

(C) رویے سے متعلق (D) ذہانت سے متعلق

7. درج ذیل تین اقسام کی تحقیقات کو محقق کی ثانوی تغیر کو قابو کرنے کی صلاحیت کی بنیاد پر صعودی ترتیب میں منظّم کیجیے۔

Ex-post Facto Research (i) Lab-Experiment (ii) Field Experiment (iii)

(A) (iii), (i) اور (ii) (B) (ii), (iii) اور (i)

(C) (iii), (ii) اور (i) (D) (i), (ii) اور (iii)

8. درج ذیل میں سے کس تجزیہ میں کثیر گروہوں کا موازنہ کیا جاتا ہے؟

(A) Regression Analysis (B) Discriminant Analysis

(C) Analysis of Variance (D) Factor Analysis

9. درج ذیل میں سے کون سی رجعت کی قسم کے تحت رجعت مساوات میں ایک وقت میں صرف ایک پیش گو متغیر کو داخل یا خارج کیا جاتا ہے؟

(A) Multiple Regression (B) Bivariate Regression

(C) Dummy Variable Regression (D) Stepwise Regression

10. درج ذیل بیانات کو پڑھ کر ان سے متعلق صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔

بیان اول: جب کوئی صفر مفروضہ صحیح ہو اور اسے رد کر دیا جائے تو اسے قسم دوم کی خطا کہتے ہیں

بیان دوم: جب دو سے زیادہ آزاد نمونوں کے فرق کی معنویت کی جانچ کرنا ہو اور معطیات Non-paramatric ہو تو استعمال کی جانے والی مناسب شماریاتی تکنیک Kruskal-walls is (H) Test ہوگی۔

(A) دونوں بیانات صحیح ہیں (B) دونوں بیانات غلط ہیں

(C) بیان اول صحیح ہے جب کہ بیان دوم غلط (D) بیان اول غلط ہے جب کہ بیان دوم صحیح

11. نمونہ بندی کی وہ تکنیک جس میں نمونے کی اکائیوں کا انتخاب نمونے کی نئی اکائی کی مدد سے اس وقت تک چلتا رہتا ہے جب تک کہ نمونے کا سائز مکمل نہ ہو جائے..................نمونہ بندی کی تکنیک کہلاتی ہے۔

(A) Quota (B) Snow-ball

(C) Purposive (D) Volunteer

12. استخراجی واستقرائی تجزیے کا رسمی اور منظّم عمل کس تحقیق میں کیا جاتا ہے؟

(A) بنیادی تحقیق (B) اطلاقی تحقیق

(C) عملی تحقیق (D) توضیحی تحقیق

13. پہلے سے موجود یا رونما ہو چکے متغیرات کا مطالعہ درج ذیل میں سے کس تحقیق کے تحت کیا جاتا ہے؟

Causal Comparative (i)    Correlational (ii)    Explanatory (iii)    Ex-post Facto (iv)

(A) (i) اور (ii)    (B) (iii) اور (iv)

(C) (i), (iii) اور (iv)    (D) (i), (ii), (iii) اور (iv)

14. افراد کے ایک گروہ کی کم از کم ایک اجتماعی خصوصیت جو اس گروہ کو دیگر سے منفرد (جدا) کرتی ہے' کہلاتی ہے۔

(A) آبادی    (B) نمونہ

(C) فریم    (D) پیرامیٹر

15. جب صفر مفروضہ غلط ہونے کے باوجود قبول کر لی جائے تو یہ.........................کہلاتی ہے۔

(A) قسم اول    (B) قسم دوم

(C) قسم سوم    (D) قسم چہارم

16. آبادی کی خصوصیات سے نمونے کا انحراف.................کہلاتا ہے۔

(A) Sampling Error    (B) Population Specification

(C) Standard Error    (D) Sample Frame Error

17. سابقہ کمیتی تحقیقات کے نتائج کی منظم تلخیص کہلاتی ہے۔

(A) Replication    (B) Meta-Analysis

(C) Generalization    (D) Factor Analysis

18. کسی تحقیق کے نتیجے کو معنی خیز طور پر متاثر کر سکنے والا غیر قابو یافتہ متغیر کیا کہلاتا ہے؟

(A) Extraneous Variable    (B) Intervening Variable

(C) Attribute Variable    (D) Intrinsic Variable

19. اگر کسی طالب علم کے دو اسکولی مضامین میں اعلیٰ درجے کی مثبت ہم رشتگی ہے اور کسی ایک مضمون کے نشانات معلوم ہیں تو اس کے دیگر مضمون کے نشانات سے متعلق پیشین گوئی کی جا سکتی ہے۔ اس عمل میں کس شماریاتی تکنیک کا استعمال کیا جائے گا؟

(A) Factor Analysis    (B) Path Analysis

(C) Correlation    (D) Regression

20. پیئرسن ہم رشتگی کے اطلاق کی شرط درج ذیل میں سے کون سی ہے؟

(A) نمونے بے ترتیب طریقے سے منتخب کیے گئے ہوں    (B) نمونے مربوط ہوں

(C) متغیرات کم از کم وقفے درجے کے ہوں    (D) کم از کم ایک متغیر مرتبائی درجہ کا ہو

21. Cohen کے d کا استعمال.......................معلوم کرنے کے لیے کیا جاتا ہے۔

(A) ذیلی نمونوں کے درمیان فرق
(B) Effect Size
(C) Goodness of Fit
(D) دونمونوں کے درمیان تعلق

22. دوگروہ کے مرتبائی نشانات میں فرق کی جانچ کس شماریاتی تکنیک کے ذریعہ کی جاتی ہے؟

(A) Mann Whitney Test
(B) Spearman Rho
(C) Phi-Coefficient
(D) Chi-Square Test

23. درج ذیل معطیات کا اوسط اور وسطانیہ بالترتیب ہوگا:

33, 37, 40,42, 51, 56, 61, 63, 65, 70, 74, 72

(A) 36.41 اور 39.54
(B) 51.25 اور 54.63
(C) 55.33 اور 58.50
(D) 62.52 اور 64.71

24. درج ذیل میں تین طلباء کی انگریزی اور ریاضی میں کارکردگی سے متعلق معطیات دیے گئے ہیں:

| مضمون | اوسط | معیاری انحراف | طالب علم 1 | طالب علم 2 | طالب علم 3 |
|---|---|---|---|---|---|
| انگریزی: | 90 | 30 | 60 | 100 | 85 |
| ریاضی: | 20 | 04 | 25 | 22 | 19 |

درج بالا معطیات میں کس طالب علم کے دونوں مضامین میں بہترین اوسط نشانات ہیں؟

(A) طالب علم 1
(B) طالب علم 2
(C) طالب علم 3
(D) طالب علم 1 اور طالب علم 2 دونوں

25. t کی قیمت کیا ہوگی جب کہ r=.30 اور N=18 ہو۔

(A) 1.26
(B) 2.32
(C) 1.96
(D) 2.58

26. کسی جماعت کے طلبہ اور طالبات کی ریاضی میں حصولیابی سے متعلق معطیات درج ذیل ہیں:

| | N | $\overline{X}$ | S.D |
|---|---|---|---|
| طلبہ : | 25 | 80 | 8 |
| طالبات: | 30 | 88 | 9 |

درج بالا معطیات کے نتیجے سے متعلق کیا صحیح ہے؟

(A) طلبہ اور طالبات کی ریاضی میں حصولیابی کا فرق بامعنی نہیں ہے
(B) طلبہ اور طالبات کی ریاضی میں حصولیابی میں بامعنی فرق ہے
(C) طلبہ اور طالبات کی ریاضی میں حصولیابی کا فرق 05. سطح پر بامعنی ہے
(D) طلبہ اور طالبات کی ریاضی میں حصولیابی کا فرق 01. سطح پر بامعنی ہے

27. تحقیق کی درج ذیل اقسام میں سے کون سی ایک قسم باقی سے مختلف ہے؟

(A) Causal Comparative
(B) Correlational
(C) Ethnographic
(D) Ex-post facto

28. درج ذیل میں نیم تجرباتی خاکے کی مثال ہے:

(i) Time Series Design
(ii) Equivalent Time Sample Design
(iii) Soloman four Group Design
(iv) Static Group Comparison Design

(A) (i) اور (ii)
(B) (ii) اور (iii)
(C) (iii) اور (iv)
(D) (ii) اور (iv)

29. Time Series Design میں داخلی معقولیت کے ذرائع ہیں:

(i) تاریخ
(ii) پختگی
(iii) فناپذیری
(iv) سازکاری

(A) (i) اور (ii)
(B) (ii) اور (iii)
(C) (iii) اور (iv)
(D) (ii) اور (iv)

30. ایک محقق جسمانی معذور طلباء کی پیشہ ورانہ تمناؤں کا مطالعہ کرنا چاہتا ہے تو اسے.....................نمونہ بندی کی تکنیک استعمال کرنا چاہیے۔

(A) Snow Ball
(B) Simple Random
(C) Convenient
(D) Pruposive

31. سروے تحقیق کے ترتیب وار مراحل کون سے ہیں؟

(A) استنباط، معطیات کا تجزیہ، نمونہ بندی، معطیات کا تجمیع
(B) نمونہ بندی، معطیات کی تجمیع، معطیات کا تجزیہ، استنباط
(C) معطیات کا تجزیہ، استنباط، معطیات کی تجمیع، نمونہ بندی
(D) معطیات کی تجمیع، نمونہ بندی، معطیات کا تجزیہ، استنباط

32. اشتراکی مشاہدہ کا طریقہ کس طرح کے مطالعے کے لیے مناسب ہے؟

(i) قبائلی ثقافت
(ii) نسلی مطالعہ
(iii) قومی ثقافت
(iv) تاریخی مطالعہ

(A) (i) اور (ii)
(B) (ii) اور (iii)
(C) (iii) اور (iv)
(D) (i) اور (iv)

33. معیاری (Qualitative) تحقیق میں کون سی خصوصیت بہت زیادہ اہمیت کی حامل ہے؟

(A) معیاری آلے کی مدد سے معطیات جمع کرنا
(B) اتفاقی نمونہ بندی تکنیک کے ذریعے نمونے کا انتخاب کرنا
(C) Bottom up Empirical Evidence کے ذریعہ معطیات جمع کرنا
(D) Top-Down Schematic Evidence کے ذریعے مطعیات جمع کرنا

34. اتفاقی نمونہ بندی کس طرح معاون ہے؟

(A) معقول حد تک درست
(B) معطیات جمع کرنے کا کم خرچیلا طریقہ
(C) ذاتی تعصّبات سے پاک
(D) یہ تمامی طرح سے

35. درج ذیل میں سے کس کے اظہار کرنے کا طریقہ باقی تین سے مختلف ہے؟

(A) Pie-graph
(B) Bar-graph
(C) Histogram
(D) Polygon

36. کسی کمیتی تحقیق کے نمونے (n) کا بڑا سائز ہونے کا معیار (Criteria) کیا ہوتا ہے؟

(A) $n \leq 30$
(B) $n \geq 30$
(C) n < 33
(D) n > 33

37. تحقیقی مقصد کو کس طرح بہتر بنایا جا سکتا ہے؟

(A) اسے زیادہ معقول (Valid) بنا کر
(B) اسے زیادہ معتبر (Reliable) بنا کر
(C) اسے زیادہ غیر جانبدار (Impartial) بنا کر
(D) ان تمام کے ذریعہ

38. عملی تحقیق دراصل ...................... ہے۔

(A) طولانی (Longitudinal) تحقیق
(B) اطلاقی تحقیق (Applied) تحقیق
(C) مقامی نوعیت کے متعینہ مسئلے کو حل کرنے کے لیے کی جانی والی تحقیق
(D) ان تینوں کا مجموعہ

39. فرضیات (Assumptions) کس بنیاد پر قائم کیے جاتے ہیں؟

(A) ملک کا ثقافتی پس منظر (Cultural Background)
(B) جامعات (Universities)
(C) ذاتوں کی چند مخصوص خصوصیات
(D) ان تمام کی بنیاد پر

40. درج ذیل میں سے کون تحقیقی ترقیات (Research Development) کے زمرے (Category) میں شامل ہے؟

(A) وضاحتی تحقیق (Descriptive Research)
(B) فلسفیانہ تحقیق (Philosophical Research)
(C) عملی تحقیق (Action Research)
(D) یہ تمام

41. ''تعلیم میں مدرسہ نظامیہ کی خدمات کا تنقیدی جائزہ'' اس عنوان پر کی جانے والی تحقیق کس زمرے میں شامل کی جائے گی؟

(A) Philosophical
(B) Historical
(C) Case Study
(D) Ethnographical

42. درج ذیل میں سے کون سا تجرباتی تحقیق کا جزو نہیں ہے؟

(A) موادی تجزیہ (Content Analysis)
(B) مشاہدہ (Observation)
(C) اختیار (Controlling)
(D) جوڑ توڑ (Manipulation)

43. دو محققین A اور B نے تحقیق کا تہیہ کیا۔ A نے 25 اساتذہ سے ان کے پیشہ ورانہ تسکین سے متعلق جب کہ B نے خصوصی ضروریات کے حامل طلبہ سے ان کے اساتذہ کی تیئں رویہّ سے متعلق معطیات جمع کرنے کی منصوبہ بندی کی۔ A اور B اپنی تحقیق کے لیے کس قسم کی شماریات کا استعمال کریں

(A) دونوں Parametric شماریات کا استعمال کریں

(B) دونوں Non-parametric شماریات کا استعمال کریں

(C) A ، Parametric کا جب کہ B ، Non-parametic شماریات کا استعمال کرے

(D) A ، Non-Parametric کا جب کہ B ، Parametric شماریات کا استعمال کرے۔

44. سوشیوگرام (Socio Gram) تکنیک کا استعمال.................کے مطالعے کے لیے کیا جاتا ہے۔

(A) پیشہ جویانہ دلچسپی (Vocational Interest)

(B) انسانی تعلقات (Human Relations)

(C) پیشہ ورانہ استعداد (Professional Competence)

(D) تحصیلی محرکہ (Achievement Motivation)

45. درج ذیل میں کون سی عبارت (Phrase)، تحقیق بطور ایک عمل کے معنی سے مطابقت نہیں رکھتی ہے؟

(A) حل مسئلہ (Problem Solving)

(B) سعی وخطا (Trial and Error)

(C) معروضی مشاہدہ (Objective Observation)

(D) منظّم سرگرمی (Systematic Activity)

46. تحصیل و طرز زندگی; اور مطالعے کی عادت و تحصیل کے درمیان Pearson کی r کی قیمتیں بالترتیب 0.05 اور 0.5 ہیں۔کون سی قیمت، متغیرات کے درمیان مضبوط تر / قوی تر تعلق ظاہر کر رہی ہے؟

(A) 0.05

(B) 0.5

(C) ہم موازنہ نہیں کر سکتے ہیں

(D) ناکافی معطیات

47. تحقیق کے موضوع سے متعلق کون سا بیان صحیح ہے؟
تحقیق کا موضوع ہونا چاہیے۔

(A) وسیع (Broad)

(B) مخصوص (Specific)

(C) نہ بہت زیادہ مخصوص اور نہ بہت زیادہ وسیع

(D) مختصر (Short)

48. One Way Anova کا غیر تخمینی ہم منصب (Non-parameric Counterpart) ہے۔

(A) Mann Whitney U test

(B) Kruskal Walis H Test

(C) Chi-Square Test

(D) Wilcoxon Signed Rank Test

49. درج ذیل میں معنی خیزی(Significance) کی کون سی سطح Level درستگی (Accuracy) کی اعلیٰ ترین سطح ہے۔

(A) 0.01
(B) 0.005
(C) 0.05
(D) 0.001

50. 0.05 اور 0.01 کی معنی خیزی(Significance) کی سطحوں Level کے لیے t کی درست (Exact)، فاصل قیمتیں(Critical Value) بالترتیب ہیں۔

(A) 2.576 اور 1.960
(B) 1.964 اور 2.583
(C) 2.583 اور 1.964
(D) 1.960 اور 2.576

## حصہ دوم (Part B)
## Education

51. ''تعلیمی نفسیات، نفسیات کی وہ شاخ ہے جو تدریس و آموزش کی بات کرتی ہے۔'' یہ تعریف کس نے پیش کی ہے؟

(A) پی۔ایف۔اسکنر
(B) ای۔ایل۔تھارن ڈائیک
(C) چارلس ای۔اسکنر
(D) این۔ایل من

52. NEP 2020 کے مطابق اعلیٰ تعلیمی اداروں میں مستحکم تحقیقی ثقافت کا فروغ کرنے اور تحقیقی استعداد تشکیل کرنے کے لیے عظیم ترین ادارہ قائم کیا جائے گا۔ جس کا نام ہوگا:

(A) NRF نیشنل ریسرچ فاؤنڈیشن
(B) NMM نیشنل مشن فار مینٹرنگ
(C) PARAKH
(D) NAR نیشنل اکیڈمی آف ریسرچ

53. رشید اور آصف کی ذہانت کا I.Q مساوی 120 ہے۔ رشید آصف سے دو سال چھوٹا ہے۔ اگر آصف کی عمر 12 سال ہے تو رشید کی ذہنی عمر کتنی ہوگی؟

(A) 8 سال
(B) 10 سال
(C) 12 سال
(D) 14 سال

54. Electra کامپلکس کہلاتا ہے:

(A) ماں باپ کے درمیان محبت
(B) ماں بیٹے کے درمیان محبت
(C) باپ بیٹی کے درمیان محبت
(D) والدین کی بچوں کے تئیں محبت

55. Mirror Drawing Apparatus کا تعلق درج ذیل میں سے کس سے ہے؟

(A) مشروطیت
(B) سعی وخطا
(C) حافظہ کا دورانیہ
(D) نسیان

56. NEP 2020 کے لیے مشعل راہ ہے:
(A) قدیم اور جدید ہندوستان کے زرخیز ذرائع
(B) ہندوستانی کلاسیکی موسیقی اور فنون کی زرخیز وراثت
(C) ہندوستانی صوفی روایات کی زرخیز وراثت
(D) قدیم اور ابدی ہندوستانی علم کی زرخیز وراثت

57. تحقیقات کے ایسے نتائج جو متعدد مختلف حالات میں یکساں برتاؤ کی وضاحت کرتے ہیں، وہ.......................ہوتے ہیں۔
(A) تعمیم کے قابل
(B) مستند
(C) قابل قبول
(D) جائزہ

58. درج ذیل میں سے کون سا تعین قدر کا مقصد نہیں ہے؟
(i) درجہ بندی کرنا (ii) رہنمائی کرنا (iii) رائے دینا (iv) پیش گوئی کرنا (v) منصوبہ بندی کرنا
(A) (i) اور (ii)
(B) (ii) اور (iii)
(C) (ii) اور (iv)
(D) (iii) اور (v)

59. کلاسیکی مشروط اور عملی مشروط نظریات کے درمیان فرق ہے:
(A) کلاسیکی مشروط کسی واقعہ کے نتائج پر مشتمل ہوتی ہے جب کہ عملی مشروط دو واقعات کے متواتر جوڑے پر
(B) کلاسی مشروط دو واقعات کے متواتر جوڑے پر مشتمل ہوتی ہے جب کہ عملی مشروط ایک واقعہ کے نتائج پر
(C) کلاسکی مشروط میں حرکی برتاؤ کا استعمال ہوتا ہے جب کہ عملی مشروط میں تمام برتاؤ کا
(D) کلاسکی مشروط اختیاری برتاؤ سے مربوط ہوتی ہے جب کہ عملی مشروط غیر اختیاری برتاؤ سے

60. بلوم کی ترمیم شدہ تعلیمی مقاصد کی درجہ بندی کے وقوفی پہلو میں اعلیٰ ترین درجہ ہے:
(A) Evaluation
(B) Evaluating
(C) Creation
(D) Creating

61. اوور ہیڈ پروجیکٹر میں استعمال کی جانے والی شیٹ کیا کہلاتی ہے؟
(A) سیلیولائیڈ شیٹ
(B) نیم شفاف شیٹ
(C) پالیسٹر شیٹ
(D) ٹرانسپرینسی

62. درج ذیل میں سے کون سا جزو Hilda Taba کے ماڈل سے مربوط ہے؟
(A) Open Ended Aspect
(B) Close Ended Aspect
(C) Deductive Approach
(D) Perspective Aspect

63. رشتہ داری (Kinship) کے مطالعے کو اس نام سے بھی جانا جاتا ہے:
(A) سماجی تعلقات
(B) سماجی معاملات
(C) سماجیانہ
(D) سماجی میل میلاپ

64. خردتدریس ایک.............................ہے۔

(A) طریقۂ تدریس

(B) تدریس کی تکنیک

(C) طریقہ تربیت برائے اساتذہ

(D) تکنیک تربیت برائے اساتذہ

65. کتاب "The Elementary Forms of Religious Life" کے مصنف کون ہیں؟

(A) درکھیم

(B) روسو

(C) فرابیل

(D) مانٹیسری

66. ہندوستان میں پہلی مجازی جامعہ (Virtual University) کس ریاست میں قائم ہوئی؟

(A) آندھراپردیش

(B) تامل ناڈو

(C) دہلی

(D) کیرالا

67. ڈراما ''نیل درپن'' کے مصنف کون ہیں؟

(A) رابندرناتھ ٹیگور

(B) بنکم چندرچٹ اپادھیایہ

(C) دین بندھومترا

(D) پیاری چاندمترا

68. موادمضمون کا خاکہ کہلاتا ہے:

(A) کورس

(B) پروگرام

(C) نصاب

(D) درسیات

69. ہندوستان میں ریاست کی سطح پر اولین برقی خواندگی پروجیکٹ(E-project) کون سا تھا؟

(A) ساکشر

(B) اکشر

(C) اکشیا

(D) ساکشت

70. "I, think, therefore I am." یہ قول کس کا ہے؟

(A) رینے ڈیکارٹے

(B) جان لاک

(C) جان ڈیوی

(D) کانٹ

71. درج ذیل میں سے کون سا Open Source سافٹ ویرنہیں ہے؟

(A) Open Office

(B) Fedora Linux

(C) Internet Explorer

(D) Firefox

.72 درسیات کے فروغ میں کیا شامل نہیں ہے؟
(A) تشکیل (B) عمل آوری
(C) تعین قدر (D) درسی کتب کی اشاعت

.73 MOOCs کے تعلق سے درج ذیل میں سے کون سا بیان صحیح نہیں ہے؟
(A) بغیر کسی رسمی لیاقت کی قید کے اس میں کوئی بھی شخص داخلہ لے سکتا ہے (B) یہ لامحدود تعداد کے طلبا کے لیے کورس فراہم کرتا ہے
(C) اس میں مخلوط آموزش (Blended Learning) پر عمل کیا جاتا ہے (D) اس کے کچھ کورس مفت ہوتے ہیں

.74 اکتسابی عمل میں Vicarious تقویت کی بات کس نے کی ہے؟
(A) اسکنر (B) بانڈورا
(C) ہل (D) لیون

.75 درج ذیل میں سے کون سی خصوصیات Web 2.0 کے اطلاقات کی ہے؟
(A) کثیر صارفین ایک کے بعد دیگر Web 2.0 اطلاقات کا استعمال کرنے کے لیے اپنے وقت کی ترتیب کر سکتے ہیں
(B) Web 2.0 اطلاقات افراد کی آن لائن معلومات کے اشتراک اور تبادلہ کی صلاحیت پر مرکوز ہوتے ہیں۔
(C) Web 2.0 اطلاقات صارفین کو مواد کی تخلیق میں تسہیل کے بجائے مواد کی فراہمی کرتے ہیں
(D) Web 2.0 اطلاقات صرف ساکن صفحات کا استعمال کرتے ہیں۔

.76 سعی و خطا عمل کی بہترین نمائندگی درج ذیل میں سے کس کے ذریعہ ہو سکتی ہے؟
(A) ارتقائی سبق سے (B) منظّم ہدایت / تدریس سے
(C) کردار کی ادائیگی سے (D) آزادنہ مطالعہ سے

.77 خصوصی طور پر......................اشیاء کے مواد کی تظلیل میں اپی ڈائسکوپ کا استعمال کیا جاتا ہے۔
(A) کثیف (B) شفاف
(C) نیم شفاف (D) کثیف اور شفاف

.78 خرد تدریس (Micro Teaching) کے دور میں درج ذیل میں سے کون سے اقدام شامل ہوتے ہیں؟
Planning (i) Re-Planning (ii) Pre-Planning (iii) Execution (iv) Review (v)
(A) (i), (iv) اور (v) (B) (iii), (iv) اور (v)
(C) (iii) اور (iv) (D) (i) اور (ii)

.79 Zeigarnike Effect کا تعلق درج ذیل میں کس سے ہے؟
(A) آموزش (B) ذہانت
(C) شخصیت (D) یادداشت

80. کارکردگی کا محاسبہ، تربیتی مراکز اور نفسیاتی آزمائش کا تعلق کس سے ہے؟

(A) تربیتی ضروریات (B) مشاورتی ضروریات
(C) ترقیاتی ضروریات (D) تقرری ضروریات

81. کتاب "The Absorbent Mind" کے مصنف کون ہیں؟

(A) مدر ٹریسا (B) ماریہ مانٹیسری
(C) روسو (D) فرابیل

82. معکوس آموزش کی اصطلاح کس نے دی؟

(A) برگ مین اور سامس (B) بونک اور گراہم
(C) اسٹال مین اور ٹوروالڈس (D) ڈاونٹس اور سیمنس

83. کوٹھاری کمیشن کی تشکیل کس وزیر تعلیم کے زمانہ وزارت میں ہوئی؟

(A) ابوالکلام آزاد (B) ایم۔سی۔ چھاگلا
(C) فخرالدین علی احمد (D) ترگناسین

84. ووڈ ڈسپیچ 1854 کے پاس ہونے کے وقت ہندوستان کے گورنر جنرل کون تھے؟

(A) لارڈ ویلیزلی (B) لارڈ کارنوالس
(C) لارڈ ڈلہوزی (D) ولیم بنٹِک

85. کسی فرد کا انگوٹھا چوسنا ، دانتوں سے ناخن کاٹنا یا اسی طرح کا دیگر عمل بنیادی طور پر کس وجہ سے ظاہر ہوتا ہے؟

(A) تقلید کی وجہ سے (B) تربیت کی وجہ سے
(C) بُری عادت کی وجہ سے (D) تشویش کی وجہ سے

86. ہندوستان میں امتحانات کے سوالات کے ذریعے کس پہلو کے مقاصد پر خاطر خواہ توجہ نہیں دی جا رہی ہے؟

(A) وقوفی (B) تاثراتی
(C) نفسی حرکی (D) ہم نصابی

87. درج ذیل میں کون سا درسیات کا جزو نہیں ہے؟

(A) تدریسی حکمت عملی (B) ہم نصابی سرگرمیاں
(C) تدریسی حربے (D) اضافی نصابی سرگرمیاں

88. ہندوستان میں IT Act کب سے عمل میں آیا؟

(A) 9 جون 2000 (B) 9 مئی 2000
(C) 11 نومبر 2000 (D) 17 اکتوبر 2000

89. کتاب 'Thus Spoke Zarathustra' کے مصنف کون ہیں؟

(A) فریڈرک نیتشے
(B) سارین کرکیگارڈ
(C) اسپرینگر
(D) فریڈرک فرابیل

90. مشاورتی عمل کا پہلا مرحلہ کون سا ہے؟

(A) ہمدردی
(B) مدد
(C) بازیابی
(D) میل جول

91. خو پذیری کی شرح درج ذیل میں سے کس کی علامت نہیں ہے؟

(A) حافظہ
(B) بنیادی وقوفی عمل
(C) دماغی سالمیت
(D) ردعمل میں اضافہ

92. ایک طالب علم کو کسی مضمون میں 45 نشانات حاصل ہوئے۔اس سے یہ نتیجہ اخذ کیا جا سکتا ہے کہ:

(A) اس کے III Division کے نشانات ہیں
(B) اس کے نشانات اوسط درجے کے ہیں
(C) Assessment میں اس کی حصولیابی 45 ہے
(D) تعین قدر میں اس کے 45% نشانات ہیں

93. کسی آلے کی معروضیت سے کیا مراد ہے؟

(A) اس کے نتائج میں یکسانیت
(B) اس کی جانچ میں یکسانیت
(C) اس کے انعقاد میں یکسانیت
(D) اس کے نتائج کی تشریح میں یکسانیت

94. سماجی طبقہ بندی سے متعلق درجہ ذیل بیانات کا مطالعہ کیجیے۔

(i) کسی علاقے میں رہنے والے مختلف معیار کے افراد
(ii) مختلف سماجی طبقات میں منقسم ایک سماج
(iii) ایک علاحدہ کالونی جہاں دوئم درجے کے ملازمین رہتے ہیں
(iv) اعلیٰ اور ادنیٰ ذات پر مشتمل ایک سماج

درج بالا میں کون سے بیانات صحیح ہیں؟

(A) (i), (ii) اور (iii)
(B) (ii), (iii) اور (iv)
(C) (i), (ii) اور (iv)
(D) (i), (ii), (iii) اور (iv)

95. Dhebar Commission کے سفارشات کا تعلق کس سے ہے؟

(A) خواتین
(B) معذورین
(C) درج فہرست قبائل
(D) اقلیتوں

96. کس فلسفی نے "Allegory of the cave" کی بات کی ہے؟

(A) سقراط (B) افلاطون

(C) ارسطو (D) ہیگل

97. ماضی میں ہندوستان کے تعلیمی اداروں نے کثیر شعبہ جات میں اعلیٰ معیار قائم کیے ہیں۔ درج ذیل میں سے ماضی کے اس ادارے کی شناخت کیجیے جو NEP 2020 کی فہرست میں نہیں ہے۔

(A) شانتی نکیتن (B) نالندا

(C) تکشیلا (D) وکرم شلا

98. Narcissism کا تعلق کس سے ہے؟

(A) نامرادی (B) ناشکری

(C) تشویش (D) ذہنی انتشار

99. درج ذیل میں سے کس ماہر نفسیات نے Ectomorphic قسم کی شخصیت کی بات کی ہے؟

(A) اسپرینگر (B) شیلڈن

(C) کریشمر (D) آئیزنک

100. وہ تصور جس میں تسلسل، لچیلا پن اور اصلیت جیسے اجزاء شامل ہوتے ہیں، کہلاتا ہے۔

(A) اختراعیت (B) جدت

(C) ذہانت (D) مطابقت

☆☆☆

Rough Work